مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ از احمد منیر - ناشر: آتش فشاں پبلیکیشنز، ایبٹ روڈ - لاہور۔ صفحات: ۱۶۰ سفید کاغذ، اچھی طباعت، رنگین سرورق، قیمت: ۴۰/- روپے

مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر آتش فشاں نے ایک زوردار خاص نمبر نکالا - یہ کتاب اسی پر مبنی ہے۔ اس کتاب میں خاص خوبی یہ ہے کہ مولانا مودودیؒ کو فکری و سیاسی قیادت کے دائرے میں دکھانے کے بجائے بڑے اہتمام سے خالص خاندانی ماحول میں دکھایا گیا ہے - بزرگوں اور عزیزوں کے ساتھ، بیگم صاحبہ اور بچوں کے ساتھ، مختلف خاندانی تقاریب میں ان کی شخصیت کے ایک ایسے پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے جو دوسری کتابوں میں اتنے زور سے نہیں پایا جاسکتا - یہ کتاب خود مولینا کے صاحبزادوں اور اقرباء کے انٹرویوز اور گفتگوؤں اور یادداشتوں پر مبنی ہے - اس میں مولینا کے مختلف مدارج عمر کی تصویروں کے ساتھ خاندان کے متعدد افراد کی تصاویر جمع ہیں - تصویری لحاظ سے بھی یہ کتاب خاص ہے۔

محمد اکرم جوئیہ - ایڈووکیٹ کے پمفلٹ محمد اکرم جوئیہ صاحب اسلام کے لیے انقلابی جذبہ رکھنے والے جوان سال ہم قلم ہیں جنہوں نے ان دنوں حسب ذیل پمفلٹ بطور خود چھپوائے ہیں:

۱ - پاکستان میں نظامِ زکوٰۃ کی اہمیت اور اس کی ناکامی کے اسباب ۲ - ہماری اقتصادی ناہمواریاں کیوں؟ اور ان کا علاج کیسے ہو؟ ۳ - تجزیۂ انسدادِ رشوت ۴ - ہمارے معاشرے میں بگاڑ کیوں؟ ۵ - ہمارا معاشرہ بگٹٹ کدھر بھاگ رہا ہے؟

ان تحریروں میں بڑی بے چین روح کام کر رہی ہے اور موجودہ اضطراب انگیز حالات کا نہایت مفید تجزیہ سامنے آتا ہے - میرا خیال یہ ہے کہ غالباً یہ چیزیں جناب محمد اکرم صاحب نے مفت تقسیم کے لیے چھپوائی ہیں۔

موصوف کا پتہ: محمد اکرم جوئیہ ایڈووکیٹ - بی اے - ایل - ایل - بی - نصیر والا (میانوالی)